تعارف وتبصرۂ کتب

جناب حکیم محمد سعید صاحب
چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن

امام اعظم ابوحنیفہ کا نظریہ انقلاب وسیاست

تصنیف - مولانا عبدالقیوم حقانی - صفحات ۶۴ - قیمت ۶ روپے
ناشر - مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ - اکوڑہ خٹک - پشاور

امام اعظم ابوحنیفہ کا نظریہ انقلاب وسیاست - مولانا عبدالقیوم حقانی کی تصنیف ہے جس میں سیاست کا اسلامی مفہوم وتشریح - امام ابوحنیفہ کا سیاسی مسلک وکردار، سیاسی تجربے اور کارنامے ایک ہمہ گیر انقلابی تحریک اور مضبوط سیاسی جماعت کی ضرورت، تشکیل اور نصب العین، فقہ حنفیہ کی قانونی جامعیت، سیاست میں شرافت کے اصول جبر وظلم کے مقابلے میں استقامت وپامردی - موجودہ دور میں سیاسی عمل کے رہنما اصول، اور دیگر کئی ایک اہم موضوعات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

ہمدرد فاؤنڈیشن کے چیئرمین جناب حکیم محمد سعید صاحب نے اس کا بالاستیعاب مطالعہ کرکے مصنف کے نام جو مکتوب گرامی ارسال فرمایا ذیل میں وہی بطور نقد وتبصرہ پیش خدمت ہے۔

"میں نے آپ کی کتاب امام اعظم ابوحنیفہ کا نظریہ "انقلاب وسیاست" کا مطالعہ بہ تمام وکمال کیا۔ آپ نے امام ابوحنیفہ کی سیاسی زندگی کے اہم اور سبق آموز پہلوؤں پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی ہے - آپ نے واقعات کے حوالے سے ان کے نظریۂ انقلاب وسیاست کی وضاحت کی ہے وہ نہایت جامع ہیں۔

ائمہ فقہ نے عام دینی مسائل کے ساتھ قرآن وسنت پر مبنی نظام کے قیام اور معاشرے پر شرعی قوانین کی بالادستی کی بھی جدوجہد مجاہدانہ عزم واستقلال کے ساتھ کی ہے - ان کا فقہی اور اجتہادی شغف بھی اس عظیم مقصد کے تابع تھا - کہ پوری زندگی پر شریعت محیط ہو - انہوں نے شریعت کے خلاف قدم اٹھانے والے حکام وقت کا محاسبہ خوف وطمع سے بلند ہوکر کیا - اور اسلامی اصول عدل سے معمولی انحراف پر بھی علی الاعلان گرفت کی ہے - شرعی قوانین کے نفاذ کے لئے جہد مسلسل کی تاریخ میں بلاشبہ امام اعظم ابوحنیفہ کا مقام بہت بلند ہے۔

آپ نے نہایت تحقیق وبصیرت اور بیش قیمت حوالہ جات کے ساتھ امام صاحب کے نظریۂ انقلاب وسیاست کی اس طرح وضاحت کردی ہے کہ اس باب میں موجودہ کشمکش اور تذبذب کی فضا میں نفاذ شریعت کے لئے کام کرنے والوں کو رہنمائی حاصل ہوسکتی ہے - اللہ جل سبحانہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں اور آپ کی کتاب کو قبول عام سے نوازیں - آمین